اٹلی

# آپ کو منتقلی کے متعلق کیا جاننے کی ضرورت ہے

## بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہونے والے افراد



**نوٹ کریں۔** اس کتابچے میں آپ کے لئے ضروری معلومات موجود ہیں۔
اگر آپ کو کوئی چیز سمجھ نہ آئے تو آپ کسی افسر سے وضاحت حاصل کر سکتے ہیں۔

URDU

# مشمولات


| | |
|---|---|
| منتقلی کیا ہے؟ | 3 |
| اگر آپ کو منتخب کیا جائے، تو آپ کو کونسے ملک منتقل کیا جائے گا؟ | 4 |
| منتقلی کے انتخاب کی صورت میں آپ سے کیا توقع رکھی جائے گی؟ | 4 |
| اگر آپ کے ساتھ آپ کے گھر والے ہوں تو کیا ہوگا؟ | 5 |
| کیا منتقلی سے پہلے کوئی انٹرویو ہوگا؟ | 5 |
| منتقلی کے بعد کیا ہوگا؟ | 6 |

## منتقلی کیا ہے؟

اگر کسی ملک کو ایک ساتھ بین الاقوامی تحفظ کی کئی درخواستیں موصول ہوں اور اس کے لئے ان پر کام کرنا ممکن نہ ہو، تو دوسرے ممالک کئی مختلف طریقوں سے معاونت فراہم کر سکتے ہیں۔ ممالک کئی طریقوں سے ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں، اور اس کا ایک طریقہ یہ ہے کہ وہ کسی دوسرے ملک میں بین الاقوامی تحفظ حاصل کرنے والے افراد (جنہیں بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہونے والے افراد بھی کہا جاتا ہے) کی منتقلی قبول کریں۔ اسے منتقلی کہا جاتا ہے۔

صرف وہ افراد منتقلی کے اہل ہوں گے جنہیں پچھلے تین سالوں کے دوران بین الاقوامی تحفظ ملا ہو۔



اگر ایسا ہو، تو ہو سکتا ہے کہ آپ کو کسی دوسرے ملک بھیجا جائے۔
اس وقت صرف 26 +EU ممالک دوسرے ممالک منتقلی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

**اہم! اب آپ اٹلی میں ہیں جو ایک +EU ملک ہے۔**

اس وقت منتقلی میں حصہ لینے والے 26 +EU ممالک مندرجہ ذیل ہیں: بیلجیم، بلغاریہ، چیکیا، جرمنی، ایسٹونیا، آئرلینڈ، یونان، اسپین، فرانس، کروشیا، اٹلی، قبرص، لٹویا، لتھوانیا، لگزمبرگ، ہنگری، مالٹا، نیدرلینڈز، آسٹریا، پولینڈ، پرتگال، رومانیہ، سلووینیا، سلوواکیا، فن لینڈ اور سویڈن۔

وہ 5 "منسلکہ" ممالک اور دیگر ممالک جو اس وقت منتقلی میں شرکت نہیں کر رہے، وہ درج ذیل ہیں: آئس لینڈ، ڈینمارک، سوئٹزرلینڈ، لختنشٹائن، اور ناروے۔

## اگر آپ کو منتخب کیا جائے، تو آپ کو کونسے ملک منتقل کیا جائے گا؟

حکام فیصلہ کریں گے کہ کسے منتقل کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ کو منتقلی کے لئے منتخب کیا جائے، تو آپ کو صرف اسی صورت میں کسی دوسرے ملک بھیجا جائے گا اگر آپ رضامندی کا اظہار کریں گے۔

**اہم!** آپ خود سے اس ملک کا انتخاب نہیں کر سکتے جہاں آپ کو منتقل کیا جائے گا۔

## منتقلی کے انتخاب کی صورت میں آپ سے کیا توقع رکھی جائے گی؟



اگر آپ کو منتقلی کے لئے منتخب کیا جائے، اور آپ اس ملک منتقلی کے لئے رضامند ہوں، تو آپ کو مندرجہ ذیل کرنے کی ضرورت ہے:

- آپ کو حکام کے ساتھ تعاون کرنا ہوگا اور ان کی ہدایات پر عمل کرنا ہوگا
- آپ کو اپنی سفر کی تاریخ تک اس ملک میں رہنا ہوگا اور یہ ضروری ہے کہ حکام آپ سے رابطہ کر پائیں

## اگر آپ کے ساتھ آپ کے گھر والے ہوں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کو منتقلی کے لئے منتخب کیا جائے، اور آپ کے ساتھ آپ کے قریبی رشتہ دار ہیں جو بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہوئے ہیں، تو آپ کے گھر والوں کو آپ کے ساتھ منتقل کیا جائے گا، بشرطیکہ انہوں نے بھی رضامندی کا اظہار کیا ہو۔

مندرجہ ذیل کو قریبی رشتہ دار مانا جاتا ہے:



- آپ کے شوہر یا آپ کی اہلیہ
- آپ کے غیر شادی شدہ شریک حیات جن کے ساتھ آپ کا مستحکم رشتہ ہے



- آپ کے بچے (18 سال سے کم اور غیر شادی شدہ)۔

## کیا منتقلی سے پہلے کوئی انٹرویو ہوگا؟



آپ سے مزید معلومات کی ضرورت پڑنے پر، ایک انٹرویو کا انتظام کیا جائے گا۔ یہ سلامتی سے وابستہ معاملات پر مرکوز ہوگا۔ اگر آپ کو اس قسم کے انٹرویو میں جانے کی ضرورت ہو تو حکام آپ کو پہلے تفصیلات فراہم کریں گے۔

## منتقلی کے پراسیس میں کتنا عرصہ لگے گا؟




اگر کسی دوسرے ملک کو آپ کی منتقلی کی درخواست بھیجی جائے، تو اس ملک کو ایک یا دو ہفتوں کے اندر اس درخواست کے حوالے سے فیصلہ لینا ہوگا۔

اگر درخواست قبول ہو جائے تو چار ہفتوں کے اندر آپ کو اس ملک بھیجنے کا انتظام کیا جائے گا۔

آپ کو کم از کم 1 ہفتے پہلے اس کے متعلق بتا دیا جائے گا۔

اگر وہ ملک درخواست قبول نہیں کرتا، تو آپ اسی ملک میں رہیں گے۔

## منتقلی کے بعد کیا ہوگا؟

آپ کو کسی دوسرے ملک منتقل کرنے کی صورت میں، بین الاقوامی تحفظ سے مستفید ہونے والے شخص کی حیثیت سے آپ کے حقوق خودبخود اس ملک کو منتقل ہو جائیں گے۔

یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (EUAA) نے اس مواد کا مرکزی حصہ فراہم کیا ہے، اور EUAA نے صرف EU کی رکن ریاستوں کو اس کی نقل بنانے اور اسے تبدیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ EUAA، یورپی یونین کی رکن ریاستوں یا کسی بھی ذمہ دار تھرڈ پارٹی کی طرف سے اس کتابچے میں شامل کی جانے والی معلومات کے درست ہونے، مشمولات، مکمل ہونے، قانونی طور پر درست ہونے، یا معتبر ہونے کے سلسلے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025